| جنرل ریاضی (آرٹس) | نہم لاہور بورڈ 2021ء | (انشائیہ طرز) |
|---|---|---|
| وقت: 2.10 منٹ | پہلا گروپ | کل نمبر: 60 |

## حصہ اول

**-2** کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) 56% کو کسر کی آسان شکل میں لکھیے۔

(ii) 1.25 کو فیصد میں تبدیل کیجیے۔

(iii) آسان شکل میں نسبت معلوم کیجیے: Rs.24, Rs.6

(iv) $\frac{12}{10}:\frac{28}{10}$ کو آسان شکل میں لکھیے۔

(v) قیمت فروخت معلوم کیجیے جبکہ درج شدہ قیمت = 2760 روپے، چھوٹ = 5 فیصد

(vi) قیمت خرید معلوم کیجیے جبکہ قیمت فروخت = 100 روپے، چھوٹ = 4 فیصد

(vii) درج شدہ قیمت معلوم کیجیے جبکہ قیمت فروخت = 2400 روپے اور چھوٹ = 4 فیصد۔

(viii) قیمت فروخت معلوم کیجیے جبکہ قیمت خرید = 480 روپے، نفع = 3%۔

(ix) 54000 روپے پر ایک سال کے لیے 12% سالانہ شرح سے منافع معلوم کیجیے۔

**-3** کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) مصنوعی ذرائع سے پیدا شدہ گندم کی فصل مالیتی 3,50,000 روپے پر عشر معلوم کیجیے۔

(ii) نجیب نے 4,00,000 روپے اپنے ورثہ میں چھوڑے۔ اس نے اپنے پیچھے ایک بیوہ چھوڑی جبکہ ان کے ہاں کوئی بچہ نہ تھا۔ نجیب کی بیوہ کا حصہ معلوم کیجیے۔

(iii) 15,00,000 روپے کی مالیت کے سونے پر زکوٰۃ کی کٹوتی معلوم کیجیے۔

(iv) ایک درآئی سائیکل کی قیمت 4000 روپے ہے۔ اگر ایک سائیکل پر 10% کی شرح سے سیلز ٹیکس لیا جائے تو ایسے 30 درآئی سائیکلوں کی قیمت پر سیلز ٹیکس معلوم کیجیے۔

(v) خالد ہفتہ میں 6 دن کام کرتا ہے۔ اگر اسے 200 روپے یومیہ ادا کیا جائے تو اس کی مجموعی ماہانہ اجرت معلوم کیجیے۔

(vi) مختصر کیجیے: $\sqrt[4]{32}$

(vii) مختصر کیجیے اور جواب مثبت قوت نما میں لکھیے: $\left(\frac{27x}{8a^{-1}}\right)$

(viii) سائنسی ترقیم میں لکھیے: 2566324

(ix) حل کیجیے: log 200 + log 5

**-4** کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) گراف پیپر پر ظاہر کیجیے: F(-3, 7)

(ii) مواد کا عادہ معلوم کیجیے: 8, 9, 3, 6, 5, 10, 8

(iii) مواد کا عادہ معلوم کیجیے: 10, 8, 9, 3, 6, 5, 8

(iv) ............12, 16, 21, 27 اگلی چار رقوم لکھیے۔

(v) تسلسل کی گمشدہ رقوم معلوم کیجیے۔ $1, 2, 12, 60 \ldots a_7$

(vi) x - 1 اور x + 7 کے درمیان حسابی اوسط معلوم کیجیے۔

(vii) ضربی سلسلہ ............4, -12, 36 کی 5ویں رقم معلوم کیجیے۔

(viii) اگر A = {-2, 4} تو A میں دو ثنائی روابط لکھیے۔

(ix) نقطہ A = (2, -4) کو گراف پیپر پر ظاہر کیجیے۔

## حصہ دوم

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے۔

**-5** (الف) راحیل کی آمدنی رؤف کی آمدنی سے 25% زیادہ ہے۔ رؤف کی آمدنی راحیل کی آمدنی سے کتنے فی صد کم ہے؟ 4

(ب) اگر ایک ہیٹر پر درج قیمت پر 15 فی صد چھوٹ کی اجازت ہو جبکہ ابھی بھی 2 فی صد نفع ہو تو نفع فی صد کیا ہوگا اگر اسے درج شدہ قیمت پر بیچا جائے۔ 4

**-6** (الف) اگر ایک شخص نے اپنے پیچھے ایک بیوہ اور دو بیٹے چھوڑے ہوں تو اس کی وراثت مالیتی 20,00,000 روپے میں سے ہر ایک کے حصہ کی مالیت معلوم کیجیے۔ 4

(ب) لوگارتھم کے جدول کو استعمال کرتے ہوئے قیمت معلوم کیجیے۔ 4

$69.13 \times 0.34 \times 0.014$

**-7** (الف) راحیل نے 75,00,000 روپے مالیت کے ایک گھر کی انشورنس کرائی جو کہ 2% شرح کے حساب سے 5 سال کے لیے تھی۔ 5 سال میں ادا کی گئی رقم معلوم کیجیے اگر قیمت میں کمی کی شرح 10% سالانہ ہو۔ 4

(ب) ضربی سلسلہ میں تین یکے بعد دیگرے اعداد معلوم کیجیے جن کا مجموعہ 26 اور حاصل ضرب 216 ہو۔ 4

**-8** (الف) اگر ایک شخص کی مجموعی آمدنی 7,00,000 روپے ہو اور اس پر 1,50,000 روپے کی چھوٹ ہو تو 4.5% کی شرح سے کتنا ٹیکس حاصل ہوگا؟ 4

(ب) اگر $A = \{2,3,4\}$، $B = \{3,6,9,12\}$ اور $C = \{4,6,8,10\}$ ہو تو ثابت کیجیے کہ $A \cup (B \cup C) = (A \cup B) \cup C$ 4

**-9** (الف) گراف بنائیے: $y = -\frac{x}{2} - \frac{5}{2}$ 4

(ب) درج ذیل میں سے ہر ایک کے لیے تعددی جدول کو ظاہر کرنے کے لیے کالمی نقشہ بنائیے۔ درج ذیل جدول میں 40 بچوں کے اوسط نمبروں کی تفصیل جو کہ انہوں نے سال کے آخر میں حاصل کیے درج ہے۔ 4

| اوسط حاصل کردہ نمبر | 81-100 | 61-80 | 41-60 | 21-40 | 1-20 |
|---|---|---|---|---|---|
| تعدد | 3 | 12 | 19 | 4 | 2 |

www.ilmkidunya.com